قصص النبیین

از مولانا ابو الحسن علی الندوی جزاول صفحات ۶۳ قیمت ۱۰/ جزر دوم صفحات ۶۰ قیمت ۱۰/ تقطیع متوسط ٹائپ جلی اور روشن

پتہ:- ندوۃ العلمار لکھنؤ۔

ندوۃ العلمار لکھنؤ کے چند مخلص علمار نے عربی تعلیم کو زیادہ سے زیادہ سہل اور مفید بنانے کے لئے ایک سلسلہ تصنیفات وتالیفات شروع کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے فاضل مرتب نے بچوں کے استعدادِ ذہنی کے مطابق قرآن مجید کے قصص انبیار کو بیان کیا ہے قصص میں جگہ جگہ قرآن مجید کی متعلقہ آیتیں نقل کی گئی ہیں ان کے علاوہ جو عبارتیں، مصنف نے خود لکھی ہیں چونکہ وہ عربی زبان کے نامور ادیب ہیں اس لئے اہل زبان کی سی حلاوت اور سلاست ان میں بھی پائی جاتی ہے اس میں شک نہیں کہ ادبی۔ اخلاقی اور لسانی حیثیت سے یہ دونوں حصے اس قابل ہیں کہ مدارس عربیہ اور اسکولوں کے عربی نصاب میں انھیں شامل کیا جائے۔

معلم الانشار حصہ اوّل

از مولانا عبد الماجد ندوی تقطیع خورد ضخامت ۱۸۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:- دار العلوم ندوۃ العلمار لکھنؤ۔

یہ کتاب بھی اسی اصلاحِ نصاب وتسہیلِ زبان عربی کے سلسلہ کی ایک کوشش ہے جس میں فاضل مرتب نے جو خود ندوۃ العلمار میں ادب کے استاذ ہیں اور بچوں کو عربی زبان پڑھانے کا کافی تجربہ رکھتے ہیں) پچیس اسباق میں صرف ونحو کے عام متداول اور کثیر الاستعمال قواعد بیان کئے اور پھر عربی سے اردو اور اردو سے عربی میں ترجمہ کے ذریعہ ان کی مشق وتمرین کرائی ہے۔ مصنف کا طریقہ تفہیم بالکل جدید اور بچوں کی نفسیات کے مطابق ہے یعنی وہ پہلے چند جملے بیان کرکے بچہ کے دماغ میں استفہام واستفسار پیدا کردیتے